بادشاہ کے ظلم کے خوف کے دعائیں

١- «اللَّهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ كُنْ لِي جَارًا مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَأَحْزَابِهِ مِنْ خَلَائِقِكَ أَنْ يَفْرُطَ عَلَيَّ أَحَدٌ مِنْهُمْ أَوْ يَطْغَى، عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ»

"اے اللہ! ساتوں آسمانوں کے رب اور عرش عظیم کے رب! پناہ بن جایئے آپ میرے لئے فلاں بن فلاں سے اور اپنی مخلوق میں سے اس کے گروہوں سے، اس بات سے کہ ان میں سے کوئی مجھ پر زیادتی یا سرکشی نہ کرے۔ تیری پناہ بہت مضبوط ہے، تیری تعریف بڑی شان والی ہے، تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں"۔ (الادب المفرد للبخاری)

٢- «اللَّهُ أَكْبَرُ، اللَّهُ أَعَزُّ مِنْ خَلْقِهِ جَمِيعًا، اللَّهُ أَعَزُّ مِمَّا أَخَافُ وَأَحْذَرُ، أَعُوذُ بِاللَّهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْمُمْسِكُ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ أَنْ يَقَعْنَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ، مِنْ شَرِّ عَبْدِكَ فُلَانٍ وَجُنُودِهِ وَأَتْبَاعِهِ وَأَشْيَاعِهِ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ، اللَّهُمَّ كُنْ لِي جَارًا مِنْ شَرِّهِمْ، جَلَّ ثَنَاؤُكَ وَعَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ، وَلَا إِلَهَ غَيْرُكَ»

تین مرتبہ پڑھے

"اللہ سب سے بڑا ہے۔ اللہ اپنی تمام مخلوق پر غالب ہے، اللہ ان چیزوں سے کہیں زیادہ طاقت والا ہے جن سے میں خوف کھاتا ہوں اور ڈرتا ہوں، میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں، جس نے ساتوں آسمانوں کو زمین پر گرنے سے روک رکھا ہے مگر اس کی اجازت سے گر سکتے ہیں اے اللہ! میں تیرے فلاں بندے کے شر سے، اس کے لشکروں کے شر سے، اس کے پیروکاروں اور اس کے ساتھی جنوں اور انسانوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ اے اللہ' ان کے شر سے، آپ میرے لئے پناہ بن جائیں، تیری تعریف بڑی شان والی ہے۔ تیری پناہ بہت مضبوط ہے، تیرا نام بابرکت ہے اور تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں"۔ (الادب المفرد للبخاری)